سوال

(454) ''ثناء'' نماز کی تمام رکعتوں میں پڑھی جائے گی یا صرف ابتدائی رکعت میں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ''ثناء'' نماز کی تمام رکعتوں میں پڑھی جائے گی یا صرف ابتدائی رکعت میں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ثناء صرف پہلی رکعت میں ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے :

کَانَ رَسُولَ ﷺ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةُ قَالَ : سُبحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمدِکَ ... 'الخ" سنن ابن ماجہ، بَابُ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ، رقم :٨٠٦، سنن الترمذی، بَابُ مَا یَقُولُ عِندَ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ، رقم :٢٤٣، سنن أَبِی داوٗدوَ، بَابُ مَنِ استَوَی قَاعِدًا ...الخ، رقم :٦٦٠'

''رسول اللہ ﷺ جب نماز کا آغاز کرتے، تو سُبحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمدِکَ ...الخ پڑھتے''

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰة : صفحہ : 389

محدث فتویٰ